**C**

**CCE PR**
**NSR & NSPR**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESHWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಜೂನ್ / ಜುಲೈ, 2022

**S.S.L.C. EXAMINATION, JUNE / JULY, 2022**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 28. 06. 2022 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **12-U**

Date : 28. 06. 2022 ] **Code No. : 12-U**

ವಿಷಯ : **ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು**

Subject : **FIRST LANGUAGE - URDU**

(ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಎನ್.ಎಸ್.ಆರ್. & ಎನ್.ಎಸ್.ಪಿ.ಆರ್.)

**(Private Repeater / NSR & NSPR)**

[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : **125**

**[ Max. Marks : 125**

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .I | **درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں :** | 10 ×1 = 10 |
| .1 | الفاظ کا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے، کہلاتا ہے۔ | |
| | A) جملہ      B) مجموعۂ کلام | |
| | C) مجموعۂ الفاظ      D) محاورہ | |
| | جواب : (A) جملہ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''ممبئی جدّت پسند شہر ہے۔'' اس جملہ میں فعلِ ناقص یہ ہے۔ | .2 |
| | A) ممبئی B) جدّت پسند | |
| | C) شہر D) ہے | |
| 1 | جواب : (D) ہے | |
| | وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے۔ | .3 |
| | A) حمد B) نعت | |
| | C) غزل D) قصیدہ | |
| 1 | جواب : (C) غزل | |
| | ابنِ مریم ہُوا کرے کوئی<br>میرے دکھ کی دَوا کرے کوئی | .4 |
| | مذکورہ شعر میں اس صنعت کو استعمال کیا گیا ہے۔ | |
| | A) صنعتِ تلمیح B) صنعتِ تکرار | |
| | C) صنعتِ تشبیہہ D) صنعتِ استعارہ | |
| 1 | جواب : (A) صنعتِ تلمیح | |
| | جس نظم میں کسی مرحوم شخص کی تعریف کی جائے وہ ہے۔ | .5 |
| | A) منقبت B) مرثیہ | |
| | C) مثنوی D) قصیدہ | |
| 1 | جواب : (B) مرثیہ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 6. | کلام میں متضاد الفاظ استعمال کئے جائیں تو وہ صنعت کہلاتی ہے۔ | |
| | A) صنعتِ تکرار    B) صنعتِ اشارہ | |
| | C) صنعتِ تجنیس    D) صنعتِ تضاد | |
| | جواب : (D) صنعتِ تضاد | 1 |
| 7. | ارکان کی تکرار سے پیدا ہونے والے مخصوص وزن کو کہتے ہیں۔ | |
| | A) ارکان    B) بحر | |
| | C) اوزان    D) علمِ عروض | |
| | جواب : (B) بحر | 1 |
| 8. | کسی واقعہ، کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دینے والا جملہ۔ | |
| | A) جملۂ انشائیہ    B) جملۂ فعلیہ | |
| | C) جملۂ خبریہ    D) جملۂ اسمیہ | |
| | جواب : (C) جملۂ خبریہ | 1 |
| 9. | غزل کا سب سے اچھا شعر کہلاتا ہے۔ | |
| | A) بیت الغزل    B) بیت الشعراء | |
| | C) مطلع    D) مقطع | |
| | جواب : (A) بیت الغزل | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| .10 | چار مصرعوں پر مشتمل نظم کہلاتی ہے۔ | |
| | A) حمد    B) نعت | |
| | C) قصیدہ    D) رباعی | |
| | جواب : (D) رباعی | 1 |
| .II | پہلے دولفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیے : | 5 × 1 = 5 |
| .11 | مزدلفہ : مقام کا نام : : قصوا : ......... | |
| | جواب : اونٹنی کا نام | 1 |
| .12 | بدایوں کے شام وسحر : خودنوشت سوانح : : درشٹی : ......... | |
| | جواب : افسانہ | 1 |
| .13 | شاعر انقلاب : جوش ملیح آبادی : : طوطئ ہند : ......... | |
| | جواب : امیر خسرو | 1 |
| .14 | نیک مزاج : بدمزاج : : خوشگوار : ......... | |
| | جواب : ناخوشگوار/ ناگوار | 1 |
| .15 | پروان چڑھنا : کامیاب ہونا : : پہاڑ ٹوٹنا : ......... | |
| | جواب : مصیبت پڑنا | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 8 × 1 = 8 | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے :** | III. |
| | حجۃالوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی ؟ | 16. |
| 1 | جواب : حجۃالوداع کے موقعہ پر مسلمانوں کی تعداد تقریباً ایک لاکھ تھی۔ | |
| | احمدنگر جیل میں پنڈت نہرو نے کس کی مدد سے اُردو سیکھی ؟ | 17. |
| 1 | جواب : احمدنگر جیل میں پنڈت نہرو نے مولانا ابوالکلام آزاد کی مدد سے اردو سیکھی۔ | |
| | شاعر کونسی عادت کو خلافِ آدمیت کہہ رہا ہے ؟ | 18. |
| 1 | جواب : رشوت کو شاعر خلافِ آدمیت کہہ رہا ہے۔ | |
| | حضرت اِمام حسینؓ کے قدموں سے کون لپٹا تھا ؟ | 19. |
| 1 | جواب : حضرت اِمام حسینؓ کے قدموں سے آپؓ کی زوجہ (بیوی) شہر بانوؓ (بانوئے نیک نام) لپٹی تھیں۔ | |
| | پہلے دن مصنف کو لالہ کرپاشنکر جی نے صبح کتنے بجے جگایا تھا ؟ | 20. |
| 1 | جواب : پہلے دن مصنف کو لالہ کرپاشنکر جی نے صبح 3 بجے جگایا تھا۔ | |
| | ابتداء میں نسلِ آدم کو کیا آزادیاں نصیب تھیں ؟ | 21. |
| 1 | جواب : ابتداء میں نسل آدم کو یہ آزادیاں تھیں کہ وہ جہاں چاہے جائے اور اپنا مسکن بنالے۔ | |
| | امیر خسرو نے کم عمری میں کونسا فن سیکھا ؟ | 22. |
| 1 | جواب : امیر خسرو نے کم عمری میں ''خطاطی'' کا فن سیکھا۔ | |
| | اونٹوں کو چَرانے والے سے مراد کون ہیں ؟ | 23. |
| 1 | جواب : اونٹوں کو چَرانے والے سے مراد حضور اکرم ﷺ ہیں۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| IV. | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے :** | 15 × 2 = 30 |
| 24. | حضورا کرمؐ کی آمد سے قبل دنیا کا کیا عالَم تھا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ حضورا کرم ﷺ کی آمد سے قبل ساری دنیا جہالت میں ڈوبی ہوئی تھی۔ لوگ ایک دوسرے کے خون کے پیاسے تھے۔ | 1 |
| | ☆ کافر اپنے فتنوں سے تکلیف دیتے تو طاقتور کمزوروں پر ظلم کرتے تھے۔ | 1 |
| 25. | اماں کی شکل اور قد کے بارے میں لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ سانولا رنگ، دبلی پتلی ہڈیوں پر کھال چپکی ہوئی تھی۔ | 1 |
| | ☆ کبھی لانبا (لمبا) قد رہا ہوگا مگر اب لاٹھی کے سہارے جھک کر چلتی تھیں۔ | 1 |
| 26. | جواہر لال نہرو نے اندرا کی فرمائش کا کیا جواب دیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ اندرا نے مجھے ہر خط میں اردو کا شعر لکھنے کو کہا تھا۔ لیکن میں نے اس پر عمل نہیں کیا کیونکہ اُردو اور ہندی کے خطوط سنسر والے روک لیتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ وہ ان میں کچھ خفیہ معنی پڑھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ | 1 |
| 27. | شاعر کے نزدیک رشوت کو چھوڑنا کس لئے محال ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ شاعر کے نزدیک انسان کی ضرورتیں زیادہ ہیں اور تنخواہ بہت کم۔ | 1 |
| | ☆ مہنگائی بہت زیادہ ہے اس لئے اگر رشوت نہ لیں تو کھائیں گے کیا اور اپنی زندگی کی ضرورتیں کیسے پوری کریں گے ؟ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ودیا چرن جی کے اہنسا کی بات کرنے پر مولانا رجب نے کیا کہا ؟ | 28. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مولانا رجب نے کہا چھوڑو ان پرانے قصّوں کو اور اپنے بچے کی بات کرو۔ اسکول کی فیس اور کتابوں کی قیمت کی بات کرو۔ | |
| 1 | ☆ ریل کا کرایہ، ٹیکسی کا میٹر ہم سب کے لئے جتنا یکساں ہے اسی طرح ہم بھی یکساں ہیں۔ | |
| | حضرت اِمام حسینؓ اُمت کے واسطے کیا کچھ کرگذرنا چاہتے تھے ؟ | 29. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ حضرت اِمام حسینؓ کو بچپن میں جو کہا تھا اس وعدہ کو پورا کرنا چاہتے تھے۔ | |
| 1 | ☆ ایمان کی خاطر اپنی جان دینا اور لہو بہانا انہیں گوارہ تھا۔ یہاں تک کہ اُمت کے بخشوانے کے لئے پیاسا مرنا بھی منظور تھا۔ | |
| | مصنف صبح جاگنے کے بعد اپنے دل کو کس طرح بہلانے کی کوشش کرتا ہے ؟ | 30. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ مصنف صبح جاگنے کے بعد اپنے دل کو بہلاتے ہوئے کہتا ہے صبح اٹھنا محض ذرا سی بات ہے خواہ مخواہ ہم ڈرا کرتے تھے۔ | |
| | ☆ اگر ہم سستی اور کسالت کو اپنے قریب نہ آنے دیں تو ہم سب سے آگے رہیں گے۔ | |
| 1 | ☆ اسی طرح ہم صبح اٹھنے کی عادت بنالیں تو فجر کی نماز شروع کردیں گے اور باقاعدہ قرآن مجید کی تلاوت کریں گے۔ ( کوئی دو نکات ) | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ملک کی سرحدوں میں بٹے آدمی کی بے بسی کو شاعر نے کس طرح بیان کیا ہے ؟ | 31. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ ساری زمین ایک ہی ملک تھی اور نسلِ آدم کو پوری طرح آزادی تھی کہ وہ جہاں چاہے جا سکے۔ | |
| 1 | ☆ ہم سرحدیں بنا کر خود اسی جال میں پھنس گئے ہیں۔ | |
| | یمین الدین آگے چل کر کس نام سے مشہور ہوئے ؟ انہوں نے ابتداء میں کیا تخلص اختیار کیا ؟ | 32. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یمین الدین آگے چل کر امیر خسرو کے نام سے مشہور ہوئے۔ | |
| 1 | ☆ انہوں نے ابتداء میں ''سلطانی'' تخلص اختیار کیا۔ | |
| | شادؔ عظیم آبادی نے رباعی میں کونسی حقیقت بیان کی ہے ؟ | 33. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ شاعر شادؔ عظیم آبادی دنیا کی حقیقت کو یوں بیان کرتے ہیں کہ ہم سب دنیا سے چلے جائیں گے۔ | |
| 1 | ☆ مگر دنیا کا نظام تا حشر یوں ہی چلتا رہے گا اور دن رات ایسے ہی گذرتے رہیں گے۔ | |
| | مصنف نے لالہ جی کے سامنے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟ | 34. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ صبح کا سہانا اور روح افزا منظر ہوتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ صبح کے وقت دماغ کیا صاف ہوتا ہے جو پڑھو خدا کی قسم یاد ہو جاتا ہے۔ | |
| | نویں ذی الحجہ کو عازمین حج نے کیا کیا ؟ | 35. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ نویں ذی الحجہ کی صبح عازمین حج نے نماز ادا کی۔ | |
| 1 | ☆ اور 'منیٰ' سے روانہ ہوئے۔ | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| 36. | سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ انسان سرحدوں کی وجہ سے حدود میں مقید ہو جاتا ہے۔ | 1 |
| | ☆ سرحدیں آنے جانے اور کہیں بھی رہنے کی آزادی ختم کر دیتی ہیں۔ | 1 |
| 37. | شاعر بچپن کے بہلاوے کی باتوں کو حسین جھوٹ کیوں کہتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ بچپن میں شاعر کو یہ جھوٹ بتایا گیا تھا کہ جگنو بھولی بھٹکی ہوئی روحوں کو راستہ دکھاتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ پھر بھی بچپن کا یہ جھوٹ بڑا حسین تھا، کیونکہ اس میں ماں سے ملنے کی امید باقی تھی۔ | 1 |
| 38. | **جمع اور واحد کے لحاظ سے غیر موزوں لفظ پر نشان لگائیے :** | |
| | (a) واقعات، برسات، حالات | |
| | (b) الفاظ، اعمال، احسان | |
| | جواب : | |
| | (a) برسات | 1 |
| | (b) احسان | 1 |
| V. | **درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے :** | 14 × 3 = 42 |
| 39. | مصنف کو آخر کار کس طرح اپنی بیداری کا قائل ہونا پڑا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ مصنف کو بیدار کرنے کے لئے لالہ جی نے دروازے پر مکابازی شروع کر دی۔ | 1 |
| | ☆ حملہ اس قدر شدید تھا کہ کمرے کے چوبی دروازے لرزنے لگے۔ | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ☆ صراحی پر رکھا گلاس جلترنگ کی طرح بجنے لگا اور دیوار پر لٹکا ہوا کلینڈر پنڈولم کی طرح ہلنے لگا۔تو | |
| 1 | بیداری کا قائل ہونا پڑا۔ | |
| | امیر خسرو کو ابتدائی زندگی میں مصیبتوں کا سامنا کیوں کرنا پڑا ؟ | 40. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ امیر خسرو کے والد منگولوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ | |
| 1 | ☆ والد کی بے وقت موت نے انہیں غمزدہ کردیا۔ | |
| 1 | ☆ نانا نے اِن کی پذیرائی کی مگر نانا کے انتقال کے بعد پھر وہ ناامیدی کا شکار ہوگئے۔ | |
| | رشوت ستانی کو مٹانے کے لئے کونسے اقدامات کرنے چاہیئے ؟ | 41. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ رشوت کا خاتمہ کرنے کے لئے خون چوسنے والی صنعتوں کو روکنا چاہیئے۔ | |
| 1 | ☆ سرمایہ داری کی بدبختی، کم تنخواہ دینے کی بُری عادت کو روکنا چاہیئے۔ | |
| 1 | ☆ بڑھتی ہوئی قیمتوں پر قابو پانا چاہیئے۔تب رشوت پر قابو پانا ممکن ہے۔ | |
| | **متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے :** | |
| | ''لوگو ! امن وسکون کے ساتھ،لوگو ! امن وسکون کے ساتھ۔'' | 42. |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''حجۃ الوداع'' سبق سے لیا گیا ہے۔اس کے مصنف سید سلیمان ندوی ہیں۔ | |
| | ☆ یہ جملہ حضور اکرمؐ نے مجمع سے فرمایا۔جب میدانِ عرفات سے مزدلفہ جانے لگے تو لوگوں کے سمندر | |
| 1 | میں تلاطم برپا ہوگیا۔ | |
| 1 | ☆ اُس وقت آپؐ نے یہ جملہ فرمایا۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ''اردو میری اور میری دادی کی زبان ہے۔'' | .43 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ ''جواہر لال نہرو کی اردو دوستی'' سبق سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف محمد رفیع انصاری ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ پنڈت نہرو نے کانگریسی لیڈر سیٹھ گووند داس سے کہا جب سیٹھ گووند داس نے پوچھا کہ اردو بھلا کسی کی مادری زبان ہوسکتی ہے ؟ | |
| | ''آپ سحر خیز ہیں ذرا ہمیں بھی جگا دیا کیجئے۔'' | .44 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ یہ جملہ سبق ''سویرے جو کل آنکھ میری کھلی'' سے لیا گیا ہے۔ | |
| 1 | ☆ اس کے مصنف پطرس بخاری ہیں۔ | |
| 1 | ☆ یہ جملہ مصنف نے لالہ کرپا شنکر جی سے کہا جب امتحان کے دن قریب آرہے تھے تو لالہ جی سے مصنف نے برسبیل تذکرہ کہا۔ | |
| | **درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے :** | |
| | اداؔ جعفری | .45 |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ نام — عزیز جہاں اور تخلص اداؔ تھا۔ ادا جعفری کے نام سے مشہور ہوئے۔ | |
| | ☆ حیات — ولادت — 22 اگست 1926ء بدایوں شہر<br>وفات — 12 مارچ 2015ء کراچی | |
| 1 | ☆ خصوصیات — 24 برس کی عمر میں پہلا شعری مجموعہ ''میں ساز ڈھونڈتی رہی'' شائع ہوا۔ اچھی نثر نگار بھی تھیں۔ | |
| 1 | ☆ شعری مجموعے — ''غزالاں تم تو واقف ہو''، ''شہر سخن بہانہ ہے''، ''شہر درد'' اور ''جو رہی سو بے خبری رہی'' (خودنوشت سوانح) | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | درجِ ذیل شاعر کا تعارف کیجئے : | |
| .46 | میر انیسؔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ نام – میر ببر علی قلمی نام میر انیسؔ اور انیسؔ تخلص | 1 |
| | ☆ حیات – ولادت – 1802ء فیض آباد | |
| | وفات – 1874ء | |
| | ☆ قابلیت – عربی، فارسی، دینی علوم، علمِ نجوم، رمل، فن سپہ گری۔ | 1 |
| | ☆ کلام کی خصوصیات – مرثیہ گو شاعر تھے۔ کلام میں فصاحت، سلاست، روانی، اور بے ساختگی ہے۔ | 1 |
| | درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| .47 | یہ عشق نے دیکھا ہے، یہ عقل سے پنہاں ہے<br>قطرے میں سمندر ہے، ذرے میں بیاباں ہے | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر ''اصغرؔ گونڈوی'' کی غزل کا مطلع ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس شعر میں اصغرؔ کہتے ہیں جو بات عشق دیکھ سکتا ہے وہ عقل نہیں دیکھ سکتی۔ | 1 |
| | ☆ عشق قطرہ میں سمندر کی گہرائی اور ذرّے میں بیابان کی وسعت کا پتہ لگالیتا ہے۔ | 1 |
| .48 | یہ جنّت مبارک رہے زاہدوں کو<br>کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر ''علامہ اقبالؔ'' کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ اس شعر میں شاعر علامہ اقبالؔ کہتے ہیں کہ اے اللہ جنت اُن لوگوں کو عطا کر جو تیری عبادت کر کے جنت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ میں تو تیرا سچا عاشق ہوں، تیرا دیدار ہی کافی ہے۔ | 1 |
| .49 | فرصت کہاں کہ یاد کا ملبہ کریدتے<br>کچھ لوگ آندھیوں میں گرے اور سنبھل گئے | |
| | جواب : | |
| | ☆ یہ شعر حمید الماسؔ کی غزل سے ماخوذ ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس شعر میں حمید الماسؔ کہتے ہیں کہ اس دَور کے انسان کے پاس اتنی فرصت کہاں کہ وہ ماضی کو یاد کریں۔ | 1 |
| | ☆ ہاں مگر ایسے لوگ بھی گذرے ہیں جنہوں نے آندھیوں کا بہادری سے سامنا کیا اور کامیاب رہے۔ | 1 |
| | **درجِ ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے :** | |
| .50 | ایک لفظ میں جواب دیجئے : | |
| | (i) ہدایت کرنے والا : ........................ | |
| | (ii) سچ بولنے والا : ........................ | |
| | (iii) مہارت رکھنے والا : ........................ | |
| | جواب : | |
| | (i) ہادی | 1 |
| | (ii) سچّا | 1 |
| | (iii) ماہر | 1 |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | مفرد جملہ کی تعریف کرتے ہوئے مثال لکھئے۔ | .51 |
| | جواب : | |
| 2 | ☆ مفرد جملہ وہ جملہ ہے، جوایک ہی مسند اور مسند الیہ سے بنا ہو۔ جیسے | |
| | ☆ رات گزاری | |
| 1 | منادی ہوئی | |
| | صنعتِ تشبیہہ کی تعریف کرتے ہوئے کوئی ایک مثال لکھئے۔ | .52 |
| | یا | |
| | صنعتِ تکرار کی تعریف کرتے ہوئے کوئی ایک مثال لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ کسی دو الگ چیزوں کو ان کی مشترک صفت کی بنا پر ایک دوسرے کی مثال دی جاتی ہے اُسے تشبیہ | |
| 2 | کہتے ہیں۔ مثلاً ۔ جیسا، ایسا، جیسے، ایسے، مانند | |
| | ☆ چال جیسے کڑی کمان کا تیر | |
| 1 | دل میں ایسے کہ جا کرے کوئی | |
| | یا | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ ایسا شعر جس میں ایک ہی لفظ کو دہرایا جاتا ہے۔ صنعتِ تکرار یا تکریر کہا جاتا ہے۔ | |
| 1 | ☆ مثلاً : اصغؔر سے ملے لیکن، اصغؔر کو نہیں دیکھا | |
| 1 | اشعار میں سنتے ہیں، کچھ کچھ وہ نمایاں ہے | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 5 × 4 = 20 | درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : | VI. |
| | اپنی نصابی کتاب میں شامل ڈاکٹر صغریٰ عالم کی ''حمد'' کے کوئی چار اشعار زبانی لکھئے۔ | 53. |
| | یا | |
| | اپنی نصابی کتاب میں شامل ماہر القادری کی لکھی ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار زبانی لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | حمد :۔ | |
| | صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے | |
| 1 | عیاں بھی تو ہے اور پنہاں حجاب تیرا ہے | |
| | کسی بھی در سے اجالوں کی بھیک کیا مانگیں | |
| 1 | اندھیری شب بھی تری آفتاب تیرا ہے | |
| | صنم ترے ہیں، خدا ناشناس بھی تیرے | |
| 1 | نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے | |
| | رضا تری ہے، غفور الرحیم بھی تو ہے | |
| 1 | غضب وقہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے | |
| | دمِ وداع ہے صغریٰ کو بخش دے یارب | |
| | تو یومِ دین کا مالک، حساب تیرا ہے | |
| | یا | |
| | نعت :۔ | |
| | کچھ کفر نے فتنے پھیلائے ، کچھ ظلم نے شعلے بھڑکائے | |
| 1 | سینوں میں عداوت جاگ اُٹھی، انسان سے انساں ٹکرائے | |
| | پامال کیا برباد کیا، کمزور کو طاقت والوں نے | |
| 1 | جب ظلم وستم حد سے گذرے تشریف محمدؐ لے آئے | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | رحمت کی گھٹائیں لہرائیں، دنیا کی اُمیدیں بر آئیں | |
| 1 | اِکرام وعطا کی بارش کی، اخلاق کے موتی برسائے | |
| | تہذیب کی شمعیں روشن کیں، اونٹوں کے چرانے والے نے | |
| 1 | کانٹوں کو گلوں کی قیمت دی، ذرّوں کے مقدر چمکائے | |
| | **کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :** | .54 |
| | (i) جگنو (ii) سرحدوں کا جال | |
| | جواب : | |
| | (i) **جگنو** | |
| 1 | ☆ جگنو نظم فراقؔ گورکھپوری کی تاثراتی نظم ہے۔ یہ نظم ماں کی یاد میں لکھی گئی ہے۔ اِس نظم میں ایک یتیم بچّے کا درد سمایا ہوا ہے۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کی عمر بیس سال تھی جب انہوں نے یہ نظم لکھی۔ | |
| 1 | ☆ شاعر کے پیدا ہوتے ہی ماں کا انتقال ہو گیا اور دونوں ایک دوسرے کو نہ دیکھ سکے۔ | |
| | ☆ شاعر کو کھلائیوں اور دائیوں نے پالا تھا۔ | |
| 1 | ☆ جب بھی برسات کی آمد ہوتی ہر طرف جگنو دکھائی دیتے تو دائیاں اور کھلائیاں کہتی تھیں کہ جگنو بھولی بھٹکی روحوں کو راستہ دکھاتے ہیں۔ | |
| | ☆ شاعر کے دل میں یہ خواہش ہوتی تھی کہ کاش میں ایک جگنو ہوتا اور اپنی ماں کی بھٹکی ہوئی روح کو راستہ دکھا کر گھر لاتا۔ | |
| | ☆ آج بھی وہ برساتیں آتی ہیں جگنو اُڑتے ہیں مگر وہ حقیقت جان چُکا ہے کہ جگنو کسی بھٹکی روح کو راستہ نہیں دکھاتے۔ | |
| | ☆ یہ ایک حسین جھوٹ تھا جو عمر کے تقاضے نے شاعر سے چھین لیا۔ | |
| | یا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | (ii) **سرحدوں کا جال :** | |
| | ☆ سرحدوں کا جال نظم سلیمان خمآر کی لکھی ہوئی آزاد نظم ہے۔ | 1 |
| | ☆ اس نظم میں انسانی وجود کے دَور کی تصویر کشی کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں کہ | |
| | ☆ اللہ رب العزت نے دنیا کو جب وجود بخشا اس وقت سارا عالم ایک تھا۔ | 1 |
| | ☆ تمام انسان ایک ہی آدم کی اولاد تھیں۔ ہر شخص آزاد تھا۔ وہ آزادی کے ساتھ کہیں بھی آجا سکتا تھا اور اپنا مسکن بنا سکتا تھا۔ | 1 |
| | ☆ نہ سرحد تھی نہ سرحد کی لکیریں۔ آج انسان خدا کی بنائی ہوئی زمین پر آڑی ترچھی لکیریں کھینچ کر خود ہی اپنے بنائے ہوئے جال میں پھنس گیا ہے۔ | 1 |
| | ☆ خدا نے انسان کو آزادی دی تھی مگر خود انسان نے اس آزادی کو ختم کر دیا اور آج وہ اپنے ہی جال میں پھنس گیا ہے۔ | |
| .55 | حجۃ الوداع کے موقعہ پر دیئے گئے خطبہ میں حضور اکرمؐ نے حُسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ جاہلیت کے سارے دستور اور رسم و رواج میرے دونوں پاؤں کے نیچے ہیں۔ جاہلیت کے سارے خون کے بدلے ختم کر دیئے گئے۔ جاہلیت کے سود مٹا تا ہوں۔ | 1 |
| | ☆ عورتوں کے معاملے میں خدا سے ڈرو، تمہارا حق عورتوں پر ہے اور عورتوں کا تم پر۔ | |
| | ☆ اپنے غلاموں کے حق میں انصاف کرو۔ جو خود کھاؤ وہ ان کو کھلاؤ اور جو خود پہنو وہ ان کو پہناؤ۔ | 1 |
| | ☆ ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سارے مسلمان بھائی بھائی ہیں۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر کوئی بڑائی نہیں۔ | |
| | ☆ تم سب ایک آدم کے بیٹے ہو اور آدم مٹی سے بنا تھا۔ | |
| | ☆ میں تم میں ایک چیز چھوڑے جاتا ہوں۔ اگر تم نے اس کو مضبوط پکڑ لو تو پھر کبھی گمراہ نہ ہوگے۔ اور وہ خدا کی کتاب ہے۔ | |
| | ☆ اگر تم پر ایک کالا نکٹا غلام بھی سردار بنایا جائے جو تم کو خدا کی کتاب کے مطابق لے چلے تو اس کا کہنا ماننا۔ | 1 |
| | ☆ اپنے پروردگار کی پرستش کرنا، پانچوں وقتوں کی نمازیں پڑھنا۔ | |
| | ☆ ''رمضان کے مہینے کا روزہ رکھنا اور میرے حکموں کو ماننا تم اپنے پروردگار کی جنت میں داخل ہوگے۔'' | |
| | (کوئی چار نکات) | |
| 56. | امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟<br>یا<br>ودیا چرن جی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت کے متعلق کیا کہا ؟ | |
| | جواب : | |
| | ☆ امیر خسرو بچپن ہی سے بلا کے ذہین تھے۔ | |
| | ☆ شعر بڑے اچھے ترنم سے پڑھتے تھے۔ خواجہ عزالدین نے آپ کی شاعری سُن کر آپ کو ''سلطانی'' تخلص کرنے کا مشورہ دیا۔ | 1 |
| | ☆ علاء الدین خلجی کے زمانے میں شاعری کی ترقی ہوئی۔ | |
| | ☆ آپ نے بادشاہوں کی مدح میں قصیدے لکھے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | اہم نکات/ اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | ☆ مبارک شاہ خلجی کی فرمائش پر ایک مثنوی ''نہہ سپر'' لکھی۔ | |
| | ☆ آپ فنِ موسیقی کے ماہر تھے۔ آپ مختلف سُروں کے مُوجد کہلائے۔ | 1 |
| | ☆ قوالی کی موجودہ طرز آپ ہی کی ایجاد ہے۔ | |
| | ☆ آلۂ موسیقی ستار کی ایجاد آپ نے کی۔ مشہور موسیقار گوپال کو شکست دے کر ''نائک'' کا مرتبہ حاصل کیا۔ | 1 |
| | ☆ آپ فارسی اور ہندی آمیز اشعار، پہیلیوں، معموں اور چٹکلوں سے سب کو محظوظ کرتے تھے۔ | |
| | ( کوئی چار نکات ) | |
| | یا | |
| | جواب : | |
| | ☆ ''بھارت ایک ماں ہے۔ اے ہندوؤ، مسلمانو، سکھو، عیسائیو، پارسیو اور دوسرے دھرموں کا پالن کرنے والو ! آج یہ ماں اتنے سنکٹ میں ہے جہاں کوئی سچا مارگ درشک نہیں رہا۔'' | 1 |
| | ☆ ''بھائیو ! ہم ماضی کے کھنڈروں میں تاریخ کے آثار دیکھ رہے ہیں اور ہمارے جوان بچے روٹی روزی کو ترس رہے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ ہمارے گھر جن کی آنگنوں میں ہمارے بالک دودھ مانگ رہے ہیں، ماں سے روٹی مانگ رہے ہیں، کپڑا صابن مانگ رہے ہیں، ہماری توجہ اپنی طرف کھینچ کھینچ کر کہہ رہے ہیں۔ | 1 |
| | ☆ تاریخ ہمیں آگے بڑھنا سکھاتی ہے۔ اس کال سے دوسرے کال میں پرویش کرنا سکھاتی ہے۔ | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | ☆ جو مرچ مسالہ چار آنے سیر ملتا تھا، پچاس، سو اور ڈیڑھ سو روپیئے کلو ہو گیا ہے۔ اگر ہم پراچین کال کے کھنڈروں میں جا کر سنیاس لے لیں تو بازار میں جرمن کی طرح ایک کلو آلو بھی لاکھوں کے ملیں گے۔ | |
| | (کوئی چار نکات) | |
| | **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :** | 57. |
| | پروفیسر بی شیخ علی بحیثیت مؤرخ بین الاقوامی شہرت کے مالک ہیں۔ آپ نے تاریخ کرناٹک پر بہت زیادہ کام کیا ہے۔ پچیس سے زیادہ کتابیں اس موضوع پر لکھی ہیں۔ بی شیخ علی صاحب کرناٹک کے اولین مورخ و محقق ہیں، جنہیں اس موضوع پر ایک نہیں تین ڈاکٹریٹ ڈگریاں پانے کا شرف حاصل ہے۔ علی گڑھ یونیورسٹی سے ٹیپو سلطان شہیدؒ پر مقالہ لکھ کر پہلی ڈاکٹریٹ کی ڈگری پائی۔ لندن یونیورسٹی سے نواب حیدر علی خان بہادر پر مقالہ لکھ کر دوسری اور حال ہی میں سات جلدوں پر مشتمل ''مفصل تاریخ کرناٹک'' ترتیب دے کر کنڑا یونیورسٹی ہمپی سے تیسری ڈاکٹریٹ ڈگری حاصل کی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے تاریخ کرناٹک پر ہی قلم نہیں اٹھایا، بلکہ تاریخ ہند، تاریخ عالم، تاریخ اسلام اور فلسفۂ تاریخ پر بھی کافی لکھا ہے۔ تاریخ ہند میں کرناٹک کے تلکاڈ کا مشہور خاندان گنگا وغیرہ پر بھی لکھا ہے۔ 'تاریخ نویسی کے اصول'، 'فلسفہ تاریخ'، 'تاریخِ اسلام'، 'اسلامی تمدن'، لائف آف ڈاکٹر سرسید احمد خان'، لائف آف ڈاکٹر ذاکر حسین'، 'گوا کی آزادی'، وغیرہ کتابیں آپ نے لکھیں جو مقبول خاص و عام ہیں۔ | |
| | سوالات : | |
| | (i) پروفیسر بی شیخ علی نے کن موضوعات پر ڈاکٹریٹ کی تین ڈگریاں حاصل کیں ؟ | |
| | (ii) پروفیسر بی شیخ علی کی مقبول کتابیں کونسی ہیں ؟ | |

| مارکس | اہم نکات/اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | جواب : | |
| | (i) علی گڑھ یونیورسٹی سے ٹیپو سلطان شہیدؒ پر مقالہ لکھ کر پہلی ڈاکٹریٹ کی ڈگری پائی۔ | |
| 2 | لندن یونیورسٹی سے نواب حیدر علی خان بہادر پر مقالہ لکھ کر دوسری اور حال ہی میں سات جلدوں پر مشتمل ''مفصل تاریخ کرناٹک'' ترتیب دے کر کنڑا یونیورسٹی ہمپی سے تیسری ڈاکٹریٹ ڈگری حاصل کی ہے۔ | |
| 2 | (ii) ''تاریخ نویسی کے اصول''، ''فلسفہ تاریخ''، ''تاریخ اسلام''، ''اسلامی تمدن''، ''لائف آف سرسید احمد خان''، ''لائف آف ڈاکٹر ذاکر حسین''، ''گوا کی آزادی'' وغیرہ کتابیں مقبول خاص و عام ہیں۔ | |
| 1 × 5 = 5 | **خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل خُطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے :** | VII. |
| | اپنے والد کے نام ایک خط لکھئے جس میں تعلیمی سیر و تفریح کی اجازت طلب کی گئی ہو۔ | 58. |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب و آداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون (تعلیمی سیر و تفریح کی اجازت) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| | **یا** | |

| مارکس | اہم نکات/ اشارات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | اپنے صدر مدرس کے نام ایک خط لکھئے جس میں سندِ تبادلہ ( T.C. ) کی درخواست کی گئی ہو۔ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) شہر کا نام اور تاریخ | |
| 1 | ii) القاب وآداب | |
| 2 | iii) خط کا مضمون (سندِ تبادلہ کی درخواست ) | |
| 1 | iv) اختتام | |
| 1 × 5 = 5 | کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : | VIII. |
| | (i) کوویڈ– 19 وبا کا تعلیم پر اثر | 59. |
| | جواب : | |
| 1 | تمہید – قول، شعر یا فقرہ | |
| 1 | نفسِ مضمون – (i) کوویڈ– 19 ایک وبا۔ | |
| 1 | (ii) کوویڈ– 19 کا تعلیم پر اثر۔ | |
| 1 | (iii) حکومت کی جانب سے لئے گئے اقدامات۔ | |
| 1 | (iv) کوویڈ– 19 کا خوف اور تعلیم کی کمی۔ | |
| | خاتمہ/ اختتام – اعادہ، اپنی رائے کا اظہار | |
| | یا | |

| سوال نمبرات | اہم نکات/اشارات | مارکس |
|---|---|---|
| | (ii) میرا پسندیدہ کھیل | |
| | جواب : | |
| | تمہید – قول، شعر یا فقرہ | 1 |
| | نفسِ مضمون – (i) پسندیدہ کھیل کی وجہ۔ | |
| | (ii) کھیل کے قاعدے | 1 |
| | (iii) پسندیدہ کھیل کی اہمیت وافادیت۔ | 1 |
| | (iv) کھیل کے فائدے۔ | 1 |
| | خاتمہ/اختتام – اعادہ/اپنی رائے کا اظہار | 1 |